© rasailojaraid.com

# سعودی عرب کی وزارت تعلیم کا وفد

مولانا سلطان محمود

## دار العلوم میں

۲۳ اگست کو اچانک سعودی عرب کی وزارت تعلیم، اوقاف اور بحوث الاسلامیہ کا ایک معزز وفد دار العلوم تشریف لایا۔ وفد کے ارکان میں سعودی عرب کے ممتاز اصحاب علم وفضل الاستاذ محمد ابراہیم الصلیفیح مدیر التوعیۃ الاسلامیہ وزارۃ المعارف الریاض، الاستاذ عبدالمحسن وزارۃ الحج والاوقاف مکہ مکرمہ، الاستاذ عبدالمحسن بن ابراہیم آل الشیخ مندوب البحوث الاسلامیہ والافتاء الریاض شامل تھے۔ دفتر اہتمام میں مولانا سمیع الحق مدیر الحق واستاذ دار العلوم نے انہیں دار العلوم کے تفصیلی حالات سے روشناس کیا۔ بعد میں وفد نے دار العلوم کے مختلف شعبوں: عمارات، تعلیمی نظام، کتب خانہ اور دفتر الحق کا معائنہ کیا۔ دار الحدیث میں وفد نے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ سے ملاقات کی اور ان کی درس حدیث سے بڑی دلچسپی کا اظہار کیا۔ طلبہ کی خواہش پر وفد کے ارکان میں سے استاذ محمد ابراہیم نے برجستہ تقریر فرمائی جس میں یہاں آمد پر اپنی مسرت کے اظہار کے ساتھ ساتھ علم دین اور علماء کی فضیلت اور اس پر فتن دور میں ان کی ذمہ داریوں، عالم اسلام کے اتحاد کی ضرورت اور حکومت سعودی عرب کے دینی جذبات اور احساسات پر روشنی ڈالی۔ وفد نے دار العلوم کی کتاب الآراء میں اپنے تاثرات قلمبند کرتے ہوئے لکھا: الحمد لله الذي انزل الذكر وحفظه والصلاة والسلام على من جاهد في الله حق جهاده حتى اتم الله به الدين واكمل به النعمة۔ وبعد فقد سرنا كثيرا ما سمعناه وشاهدناه في هذا المعهد الشامخ الذي يتعلم فيه طلاب العلم والمعرفة ليتخرجوا افواجا الى الناس ليدعوا الى الله على علم وبصيرة ونعتقد ان لهذه الدار الكريمة ابلغ الاثر في مثل هذا الموقع البعيد عن منبع الهدى وحضنها وفق الله القائمين عليه لخدمة الاسلام والمسلمين ۔

۲۳ / ۶ / ۱۳۹۲ھ

محمد ابراہیم الصلیفیح
مدیر التوعیۃ الاسلامیہ
وزارۃ المعارف الریاض

عبدالمحسن
مدیر التوعیۃ الاسلامیہ
وزارۃ الحج والاوقاف
بالمملکۃ العربیۃ السعودیۃ

عبدالمحسن بن ابراہیم آل الشیخ
مندوب البحوث الاسلامیہ
والافتاء الریاض

© rasailojaraid.com